

بیت الحکمہ

ایجوکیشن سسٹم

کے

نصاب کی اب تک کی

پیشرفت

فروری 2026

03215108382 , 03335105104

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اس مختصر کتابچے میں ہم بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کے نصاب کے حوالے سے مدارس اور عوام الناس کے لیے فروری 2026 تک کی جانے والی اب تک کی کوشش کا مکمل جائزہ پیش کریں گے۔

یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ **بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم** رائج تعلیمی نظام کے متبادل کے طور پر کام کر رہا ہے اور اس میں شامل نصاب نہ صرف کہ مدارس بلکہ عوام الناس کی بنیادی تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مرتب کیا گیا ہے۔

لیکن مدارس کے لیے نصاب کا صرف وہ حصہ تجویز کیا جائے گا جو کہ مدارس کی عصری تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کافی ہو۔ کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ دینی مدارس کے قیام کا اصل مقصد کتاب و سنت اور اس سے ماخوذ علوم و فنون کی تعلیم اور اسلامی معاشرے میں دینی علوم کی ترویج کے لیے مسلم معاشرے کو ایسے رجال کار فراہم کرنا ہے جو عوام کی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں دینِ اسلام کی تعلیمات کے مطابق رہنمائی فراہم کرنے کے اہل ہوں۔

اس حوالے سے یہ بات ہمیشہ مدِ نظر رہنی چاہیے کہ مدارس کا رائج نصاب طلباء کے لیے ایک کل وقتی مصروفیت ہے۔ جس کے ساتھ عصری تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کوئی غیر ضروری مضمون شامل نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ یہ طلباء کرام کے لیے انتہائی بوجھ اور مشقت کا باعث ہو گا اور غیر ضروری مضامین شامل کرنے سے مدارس کے رائج علمی نصاب کے تدریسی معیار پر بھی منفی اثرات پڑیں گے۔

درج بالا صورتحال کے پیشِ نظر بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کی طرف سے دینی مدارس کے لیے صرف تین مضامین تجویز کیے گئے ہیں، جس میں سے دو لازمی مضامین اور ایک اختیاری مضمون ہے۔ دو لازمی مضامین **اردو** اور **ریاضی** ہیں اور ایک اختیاری مضمون **انگریزی** ہے۔

لیکن دینی مدارس کے علاوہ دوسرے عام طلباء ان کے ساتھ مزید مضامین بھی پڑھ سکیں گے۔

اردو، ریاضی اور انگریزی اور دیگر کچھ کتب کے نصاب پر اب تک کے کام کی کچھ تفصیل درج ذیل ہے:-

اردو

بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کی طرف سے دینی مدارس کے لیے تجویز کردہ اردو کے دو مکمل نصاب پیش کر دیے گئے ہیں۔ جن میں سے کوئی بھی ایک نصاب اپنی ضرورت اور مرضی کے مطابق اختیار کیا جاسکتا ہے۔ جس کے بعد کوئی بھی خارجی کتاب اردو کی تدریس کے لیے مدارس میں داخل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

ان میں سے ایک نصاب پہلے سے کئی دینی مدارس میں پڑھایا جارہا ہے اور بازار میں کتابی شکل میں عام دستیاب ہے۔ جو کہ کئی پبلیشر چھاپ رہے ہیں۔

اس سلسلے کا دوسرا نصاب مولوی اسماعیل مرٹھی رحمہ اللہ کا مرتب کردہ ہے جو تقریبا ایک صدی سے برصغیر پاک وہند کے مدارس اور مسلمانوں کے تعلیمی اداروں میں پڑھایا جارہا ہے۔

یہ دونوں نصاب شرعی تقاضوں کے مطابق ہونے کے ساتھ ساتھ کسی کے قبضے یا اجارہ داری میں نہیں ہے اس لیے ان کی عام نشر واشاعت پر کسی طرح کی کوئی پابندی نہیں اسے کوئی بھی چھاپ سکتا ہے۔

اوپر ذکر کردہ اردو کے دونوں نصاب کی کچھ تفصیل درج ذیل ہے:-

اردو کا پہلا نصاب۔۔۔۔۔۔۔



اردو کے اس نصاب میں ایک بنیادی قاعدہ اور چار کتابیں شامل ہیں۔ اردو کا یہ بنیادی قاعدہ مفتی کفایت اللہ رحمہ اللہ کا مرتب کردہ ہے، جو کہ طویل عرصے سے اردو کی ابتدائی سطح کی تعلیم کے لیے استعمال ہو رہا ہے۔

اردو کے اس پہلے نصاب میں شامل چار کتابیں اردو کی بنیادی تعلیمی ضروریات کو شرعی تقاضوں کے مطابق بہت احسن طریقے سے پورا کرتی ہیں۔ ان کتابوں میں اختصار مگر جامعیت موجود ہے جو دینی اور اخلاقی اقدار کو پیش نظر رکھتے ہوئے مرتب کی گئی ہیں یہ اردو کے قدیم نصاب کے نام سے بازار میں عام دستیاب ہیں۔

اس نصاب کے ویڈیو اسباق تیار کرنے کے لیے بیت العلم پبلشر پشاور کی کتابیں استعمال کی گئی ہیں لیکن ضروری نہیں کہ آپ انہی کی کتابیں استعمال کریں، آپ بازار سے کسی بھی پبلشر کی کتابیں حاصل کر سکتے ہیں۔

بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کی طرف سے اس نصاب کی چاروں کتابوں کی ہدایات کے ویڈیو اسباق جاری کر دیے گئے ہیں جسے اساتذہ تدریس کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔
اس نصاب کی تدریس کی ہدایات کے تمام ویڈیو اسباق اس لنک سے حاصل کیے جا سکتے ہیں:

https://drive.google.com/drive/folders/1yQhLvPqu1rQM4sNuhgI0mwqPzB9BU4HN?usp=sharing

اردو کا دوسرا نصاب-----

اردو کا دوسرا **نصاب مولوی اسماعیل مرٹھی رحمہ اللہ** کا مرتب کردہ ہے جو ایک صدی سے زائد عرصے سے برصغیر پاک وہند کے دینی مدارس اور اسکولوں میں بچوں کی تعلیم کے لیے استعمال ہو رہا تھا یہی نصاب دارالعلوم دیوبند کے اردو کے نصاب میں آج بھی شامل ہے۔

یہ نصاب ایک بنیادی قاعدے اور پانچ کتابوں پر مبنی ہے۔



چند سال پہلے جب اس نصاب کے حوالے سے معلومات ہم تک پہنچی تو تحقیق سے پتہ چلا کہ پاکستان میں یہ نصاب پرنٹ حالت میں دستیاب نہیں اور کوئی بھی پبلشر اس کو نہیں چھاپ رہا۔

اس لیے پہلی ضرورت اس بات کی تھی کہ اس نصاب کی کتابی شکل میں کمپوزنگ اور ڈیجیٹل حالت میں دستیابی کو ممکن بنایا جائے۔



اللہ تعالٰی کے فضل و کرم سے حضرت مفتی احمد ممتاز دامت برکاتہم العالیہ کی جامعہ خلفائے راشدین کراچی کے حضرات کی کاوش سے رمضان 2022 سے یہ کتابیں مکمل کمپوز کر کے ڈیجیٹل حالت میں مفت فراہم کر دی گئی ہیں۔


پرنٹ حالت میں یہ کتابیں حاصل کرنے کے لیے جامعہ خلفائے راشدین کراچی کے ان نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔:03332117851-03138349485

یہاں اہم قابل ذکر بات یہ ہے کہ اساتذہ کی رہنمائی کے لیے ان کتابوں کو پڑھانے کی مکمل ہدایات بھی جاری کر دی گئی ہیں۔ ان کتابوں کو پڑھانے سے پہلے ان ہدایات کا مطالعہ لازمی ہے تاکہ ان سے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکے۔ اردو کے نصاب کی یہ کتابیں اور مکمل ہدایات کا کتابچہ اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:-

https://drive.google.com/drive/folders/1w2QcO7ijRjErXJKB4lMt-PlMZvRRtRr4?usp=sharing

ریاضی

بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کی طرف سے ریاضی کی تدریسی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ریاضی کے دو نصاب جاری کیے گئے ہیں جن میں سے ریاضی کا ایک نصاب مکمل ادارے کی طرف سے مرتب کیا گیا ہے اور دوسرا اردو میڈیم ریاضی کا بنیادی سے درمیانی یعنی انٹر میڈیٹ سطح کا نصاب **جامعہ خلفائے راشدین** کا بھی ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے یہ دونوں نصاب مفت دستیاب ہیں۔ ان کی کچھ تفصیل درج ذیل ہے۔



ریاضی کا پہلا نصاب جو بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کی طرف سے مرتب کیا گیا ہے وہ ریاضی کے عام استعمال اور بنیادی ضرورت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ارتھمیٹک یعنی بنیادی ریاضی تک محدود رکھا گیا ہے، جس میں جمع، تفریق، تقسیم، ضرب اور تناسب یعنی Addition, Subtraction, Division, Multiplication, Percentage کے بنیادی کلیے کیلکولیٹر اور بغیر کیلکولیٹر کے استعمال کے سکھائے گئے ہیں، کیونکہ ریاضی کی دیگر شاخیں جو ریاضی کے نصاب میں عام طور پر پڑھائی جاتی ہیں وہ عمومی استعمال کی نہیں، جس کی وجہ سے اس میں وقت اور وسائل بہت زیادہ صرف ہوتے ہیں اور اس کا عام طور پر کچھ فائدہ بھی نظر نہیں آتا.

ریاضی کا یہ نصاب ویڈیو اسباق کی صورت میں جاری کیا گیا ہے اور اس کے ساتھ ایک مشقی کتاب یعنی ورک بک بھی فراہم کی گئی ہے یہ سب ڈاؤن لوڈ لنک کے ذریعے حاصل کیا جا سکتے ہیں.

ریاضی کے اس نصاب کے تمام ویڈیو اسباق اور ورک بک اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہی۔

https://drive.google.com/drive/folders/1eDG5UNpHzz8DOjAmoX7Z0hOIDFcwBFwK?usp=sharing

ریاضی کا دوسرا نصاب جو جامعہ خلفائے راشدین کی طرف سے مرتب کیا گیا ہے وہ ابتدائی اور درمیانی سطح کی ریاضی کی ضرورت کو پورا کرتا ہے۔ یہ چار کتابوں پر مبنی نصاب ہے جو ڈاؤن لوڈ لنک کے ذریعے حاصل کیا جاسکتا ہے۔



ریاضی کی یہ کتابیں اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں:

https://drive.google.com/drive/folders/1KehTudtKi--zLfPMV1TnWSrHIizyd6Fb?usp=sharing

یا جامعہ سے براہ راست رابطہ کرکے ڈاک کے ذریعے بھی منگوایا جاسکتا ہے۔

ڈاک کے ذریعے جامعہ خلفائے راشدین سے نصاب منگوانے کے لیے ان نمبرز پر رابطہ کیا جاسکتا ہے:

03332117851-03138349485

انگریزی



انگریزی کے مضمون کے حوالے سے یہ بات ذہن میں رکھنے کی ہے کہ مدارس دینیہ کے لیے انگریزی پڑھنے پڑھانے کی کوئی خاص ضرورت نہیں ہے. عمومی طور پر دینی مدارس میں انگریزی کا مضمون پڑھائے جانے کا رجحان صرف بھیڑ چال کی وجہ سے ہے، کہ دوسرے پڑھا رہے ہیں تو ہم بھی پڑھانا شروع کر دیں۔

موجودہ صورتحال میں جب کہ کئی دینی مدارس میں انگریزی کا مضمون پڑھایا جاتا ہے اور اس کے لیے جو کتابیں استعمال کی جاتی ہیں وہ شرعی تقاضوں کے مطابق نہیں ہوتیں، جس کی وجہ سے مدارس میں پڑھنے والے طلباء کے ذہن بھی متاثر ہوتے ہیں اور تقویٰ اور اخلاص کا معیار بھی۔

مدارس میں انگریزی زبان کی تدریس کے حوالے سے ہمارا مشورہ یہی ہے کہ مدارس میں انگریزی صرف اس صورت میں پڑھائی جانی چاہیے جب کہ وہ (01) ناگزیر ہو اور (02) انگریزی سیکھنے کے حوالے سے باصلاحیت طلباء موجود ہوں اور (03) تجربہ کار اور ماہر اساتذہ موجود ہوں۔

عمومی طور پر یہ تینوں صورتیں نہیں پائی جاتیں لیکن پھر بھی انگریزی پڑھانے کی ترتیب بنالی جاتی ہے یعنی نہ تو انگریزی پڑھانا ناگزیر ہوتا ہے، نہ ہی انگریزی پڑھنے والے باصلاحیت طلباء موجود ہوتے ہیں اور نہ ہی انگریزی کے تجربہ کار ماہر اساتذہ۔

بہر حال بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم نے انگریزی کی تدریس کے ناگزیر ہونے کی صورت میں استعمال کے لیے بنیادی ریسورس بُک یعنی معاونت کے لیے ایک مختصر کتابچہ مرتب کر کے فراہم کر دیا گیا ہے۔ جس کا مقصد انگریزی کی تدریس کے حوالے سے بنیادی ترتیب وضع کرنا ہے اس مختصر کتابچے کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے **لیول ون** اور **لیول ٹو**۔

لیول ون کی تدریس کے لیے پرائمری سطح کا استاد ہونا ضروری ہے جو انگریزی حروف سے الفاظ اور جملے پڑھنے تک کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے اس مواد کو استعمال کر سکے اور اس میں اپنے طور پر مزید مواد بھی داخل کر سکیں۔

لیول ٹو سطح کے لیے انٹر میڈیٹ یا درمیانی سطح کے استاد کا ہونا ضروری ہے جس میں خصوصی طور پر تین صلاحیتیں لازمی ہونی چاہیے

نمبر 1- انگریزی میں تکلم کی صلاحیت۔

نمبر2- لفظی ترجمے کی صلاحیت۔


نمبر3-بامحاورہ ترجمے کی صلاحیت۔

بیت الحکمہ کی طرف سے مرتب کی گئی اس بنیادی ریسورس بک کو بھی ڈیجیٹل حالت میں مدارس کے لیے فراہم کر دیا گیا ہے۔

بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کی انگریزی کے حوالے سے جاری کی گئی یہ ریسورس بک اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے:

https://drive.google.com/drive/folders/16ohDMvPGS7HxUzHlpB6gm2BuSxxq66Xl?usp=sharing


درج بالا نصاب کے بعد جو کتابیں اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کے نصاب میں داخل کی گئی ہیں ان کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے:



اردو یا انگریزی زبان کے پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت حاصل ہو جانے کے بعد اردو اور انگریزی دونوں مضامین کے لیے حضرت مفتی کفایت اللہ رحمہ اللہ کی تصنیف کردہ کتاب

"تعلیم الاسلام" جو بہت آسان اور عام فہم اردو زبان میں ہے جس کا انگریزی ترجمہ بھی ڈیجیٹل حالت میں دستیاب ہے پڑھائی جائے گی۔ اس کتاب کو پڑھانے کی مکمل ہدایات بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کی طرف سے جاری کر دی گئی ہیں جو اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں:

https://drive.google.com/drive/folders/1SpKn4mACqeN-wcvVaYZUPqavmv8dPt6a?usp=sharing



اس کے بعد اردو اور انگریزی زبان میں بہشتی زیور، جس کو پڑھانے کی ہدایات بھی جاری کر دی گئی ہیں جو اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں:


https://drive.google.com/drive/folders/1Co068wk9Q5qDzJBtt-9pPPqdg4Dj3-Sf?usp=sharing



اردو اور انگریزی زبان میں جزاءالاعمال، جس کو پڑھانے کی ہدایات بھی جاری کر دی گئی ہیں جو اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں:

https://drive.google.com/drive/folders/1ex0aqJu293wADLz7U0jmD4J7ErKeQX8M?usp=sharing

اور اردو اور انگریزی زبانوں میں حضرت مولانا زکریا رحمہ اللہ کی تصنیف کردہ "فضائل تجارت" شامل کی گئی ہے، جس کو پڑھانے کی تفصیلی ہدایات بھی انشاءاللہ جلد جاری کر دی جائیں گی۔



بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کے نصاب کی ترتیب میں عام رائج امتحانی نظام کو شامل نہیں کیا گیا بلکہ اس کی جگہ کارکردگی کی بنیاد پر جانچ کے طریقے کو اختیار کیا گیا ہے جو کہ

Performance-based assessment method

کہلاتا ہے۔

اس حوالے سے بھی مکمل تفصیلات بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کی طرف سے جاری کر دی گئی ہیں جو اس لنک سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

https://drive.google.com/file/d/1GQT_5co_tFSN4OU90PhouJh1xZa8iQM7/view?usp=sharing

رائج امتحانی نظام کے بجائے اس طریقہ کار سے طلباء کی کارکردگی کی جانچ کرنے کے بہت سے مثبت اثرات ہوتے ہیں جس میں صرف ان کی حافظے کی جانچ کی بجائے ان کی کارکردگی اور صلاحیت کی جانچ کی جاتی ہے۔ اس کی تفصیلات اس مختصر کتابچے میں فراہم کی گئی ہیں۔



نصاب کی متعلقہ کتابیں آپ کو اس لنک سے بھی ڈاؤن لوڈ کے لیے فراہم کر دی گئی ہیں:

https://archive.org/details/@islamic_academy_of_communication_arts



بیت الحکمہ ایجوکیشن سسٹم کے موجودہ واٹس یپ گروپ کا لنک درج ذیل ہے:

https://chat.whatsapp.com/JJkovhX9yX9H0dLiXZHWdn

اگر اس گروپ میں جگہ باقی نہ رہے تو آپ درج ذیل نمبرز پر رابطہ کر کے دوسرے گروپ کا لنک حاصل کر سکتے ہیں، اور بیت الحکمہ کے نصاب کی مزید پیش رفت اور تفصیلات کے لیے بھی انہی نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

03215108382 , 03335105104